ٹاپ لائن اردو کلاسیک

سطح 5

طلسم ہوش رُبا

جائزہ

سیاق و سبق کا حوالہ

(الف) دیے گئے اقتباسات سے متعلق ذیل میں دیے گئے چند سوالات کے جوابات لکھیے۔

اقتباس 1:

"غیب کا سچّا علم صرف خدائے واحد کے پاس ہے۔ ہم صرف اس کے دیئے ہوئے علم کی مدد سے اندازے لگا سکتے ہیں جو غلط بھی ہو سکتے ہیں۔"

سوال 1۔ یہ الفاظ کس کردار نے ادا کیے؟ اور اس کا مخاطب کون تھا؟

سوال 2۔ پیشین گوئی کرنے والے نے کس علم کی بنیاد پر پیشین گوئی کی تھی؟

سوال 3۔ کیا انکی کی گئی پیشین گوئی درست ثابت ہوئی؟

اقتباس 2:

"سارا باغی لشکر میری قید میں ہے۔ تم میرے ساتھ چلو۔ اگر تم نے گانا سُنا کر میرا دل خوش کر دیا تو میں تمھیں اجازت دوں گی کہ تم باغیوں میں سے اپنے شوہر کو تلاش کر لو۔"

سوال 1۔ یہ الفاظ کس کردار نے ادا کیے؟ اور اس کا مخاطب کون تھا؟

سوال 2۔ راگنی کے بہروپ میں کون تھا؟

سوال 3۔ بہروپیے نے جادوگرنی کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

اقتباس 3:

"گھبراؤ مت! یہ میرے منتر کا اثر ہے جو میں نے تمھیں ہوش میں لانے سے پہلے پڑھا تھا۔ اب مجھے تمہارے استاد عمرو عیار کا انتظار ہے۔ وہ بھی قابو میں آجائے تو میں پانچوں کو ایک ساتھ قتل کروں!"

سوال 1۔ یہ الفاظ کس کردار نے ادا کیے؟ اور اس کا مخاطب کون تھا؟

سوال 2۔ جادوگر کی کس ترکیب سے عمرو عیار کے شاگرد قید ہو گئے تھے؟

سوال 3۔ عمرو عیار نے کس طرح اپنے شاگردوں کو رہا کرایا؟

اقتباس4:

”دماغ ٹھکانے آ گئے؟ چل میرے پاؤں پکڑ! زمین پر ناک سے لکیریں کھینچ! اور چادرِ جمشید میرے حوالے کر دے!“

سوال1۔ یہ الفاظ کس کردار نے ادا کیے؟ اور اس کا مخاطب کون تھا؟

سوال2۔ چادرِ جمشید کیا تھی اور اس کی خصوصیت کیا تھی؟

سوال3۔ عمرو عیار کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا؟

اقتباس5:

”روناس جادو قتل ہو چکا ہے۔ چادرِ جمشید جو اُسے دی گئی تھی، برق فرنگی کے پاس ہے۔ اُس کی وجہ سے اُس پر کسی کا جادُو نہ چل سکا۔ اب وہ اپنے استاد عمرو کے ساتھ مہ رُخ کے لشکر کی طرف واپس جا رہا ہے۔“

سوال1۔ یہ الفاظ کس کردار نے ادا کیے؟ اور اس کا مخاطب کون تھا؟

سوال2۔ برق فرنگی نے چادرِ جمشید کی مدد سے کیا کیا کارنامے انجام دیے تھے؟

سوال3۔ برق فرنگی سے چادرِ جمشید کس نے اور کیا وجہ بتا کر لے لی تھی؟

ترتیب

(ب) مندرجہ ذیل واقعات میں سے جن کا سبق میں ذکر نہیں اُن پر کراس (X) کا نشان لگائیے۔ بقیہ واقعات پر ترتیب وار نمبر لگائیے۔

عمرو نے فولاد جادو کو قتل کیا۔	
عمرو کے چاروں شاگرد کو روناس جادو نے قید کر لیا۔	
پجارنیں افراسیاب کو جمشید کی قبر تک لے گئیں۔	
شدید جادو کا لشکر ملکہ حیرت کے خلاف نارے لگاتا ہوا چل دیا۔	
مہتر قیران نے شہنشاہ افراسیاب کے تین تاج چوری کیے۔	
امیر حمزہ نے لقاہ کو اس کے ملک میں شکست دی۔	
صرصر عیارہ نے عمرو کو گرفتار کر کے افراسیاب کے دربار میں پیش کیا۔	
شہزادہ اسد چالیس ہزار کی فوج لے کر روانہ ہوا۔	
غربال جادو قتل ہوا۔	
ملکہ براں نے عمرو کو جال سے آزاد کیا۔	

معلومات

(ج) اس ناول کے بارے میں بنیادی معلومات درج کر کے اپنی جماعت یا لائبریری میں آویزاں کریں۔

ناول کا نام: ____________________

اس ناول کے مرکزی کرداروں میں کون سا کردار آپ کو سب سے زیادہ دلچسپ لگا؟ اور کیوں؟

کیا آپ اپنے دوستوں اور ہم جماعت ساتھیوں کو یہ ناول تجویز کریں گے / گی؟ کیوں یا کیوں نہیں؟